106598-کعبہ کے اردگرد طواف کی اقسام

سوال

کعبہ کے اردگرد کی طواف کی متعدد اقسام ہیں، تو یہ کون کونسی ہیں اوران میں سے ہر ایک قسم کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

"طواف کعبہ کی متعدد اقسام ہیں :
انہی اقسام میں سے حج کا ایک طواف؛طواف افاضہ جسے طواف زیارت بھی کہا جاتا ہے اور یہ وقوف عرفات کے بعد عیدالاضحی کے دن یا اس کے بعد ہوتا ہے، یہ طواف حج کا رکن کہلاتا ہے۔

اسی طرح حج کے آغاز میں طواف قدوم کیا جاتا ہے جو کہ حج اور قران کا احرام باندھنے والے افراد پر اس وقت ہوتا ہے جب کعبہ شریف پہنچ جائیں، اہل علم کے الگ الگ موقف کے مطابق یہ بھی حج کے واجبات یا سنتوں میں شامل ہے۔

طوافِ عمرہ : یہ عمرے کا رکن ہے اوراس کے بغیر عمرہ صحیح نہیں ہوگا۔

طواف وداع : حج کے افعال سے فراغت کے بعداور مکہ سے واپسی کے عزم پر کیا جاتا ہے، اہل علم کے دو موقفوں میں سے صحیح ترین موقف کے مطابق یہ طواف بھی حائضہ اورزچہ کے علاوہ تمام حجاج پر واجب ہے۔ لہذا اگر کوئی شخص یہ طواف چھوڑدے تو اس پر دم واجب ہوتا ہے۔

طوافِ نذرانہ، یعنی جو شخص طواف کرنے کی نذرمانے تو اس پر نذر ماننے کی وجہ سے یہ طواف واجب ہوتا ہے۔

نفلی طواف، طواف نفلی طور پر بھی کیا جاسکتا ہے۔

طواف کی مذکور تمام اقسام کا طواف سات چکروں پر مشتمل ہے، سات چکر لگانے کے بعد آسانی ہو تو دو رکعت مقام ابراہیم پر ادا کی جاتی ہیں، اوراگر ایسا ممکن نہ ہو تو مسجد الحرام کے کسی بھی حصہ میں ادا کرلے۔
اللہ تعالی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر۔" ختم شد
دائمی کمیٹی برائے فتاوی وعلمی تحقیقات

الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز الشیخ عبدالرزاق عفیفی الشیخ عبداللہ بن غدیان

فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء "(11/223،224)

واللہ اعلم